رشتوں کی نفسیات سے متعارف کروانے والی شاندار کتاب

رشتوں کی نفسیات

پرسنالٹی ٹائپ کی روشنی میں

تحقیق وتدوین: ڈاکٹر قمر الحسن، عبدالسلام چودھری

نظرثانی: قاسم علی شاہ

Published by

'ilmStore اردو

Available online at ilmStore.in
For more details call/WhatsApp: +91 9422009767

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتابچہ	:	رشتوں کی نفسیات
تحقیق و تدوین	:	ڈاکٹر قمر الحسن، عبدالسلام چودھری
نظر ثانی	:	قاسم علی شاہ

اس کتاب سے متعلق کورسز اور مواد حاصل کرنے کے لئے اس کیو آر کوڈ کو سکین کریں۔

Scan this QR code to find courses and resources related to this book.

فہرست

نمبر شمارہ	موضوع	صفحہ نمبر
01	تبصرہ۔ قاسم علی شاہ	7
02	تبصرہ۔ڈاکٹر قمرالحسن	7
03	شخصی ترجیحات کی آٹھ اقسام	9
04	آپ کی شخصی ترجیحات کیا ہیں؟	13
05	ISTJ	15
06	ISFJ	17
07	ISTP	19
08	ISFP	21
09	INFJ	23
10	INTJ	25
11	INFP	27
12	INTP	29
13	ESTP	31
14	ESFP	33
15	ESTJ	35
16	ESFJ	37
17	ENFP	39

41	ENTP	18
43	ENFJ	19
46	ENTJ	20
48	تعارف	21

ہمارے رشتے ہماری بقا کے ضامن ہوتے ہیں۔ دُنیا میں کوئی بھی انسان اکیلا رہ کر ایک خوش حال زندگی نہیں گزار سکتا۔ ہماری زندگی میں رشتوں کی اہمیت غیر معمولی ہے۔ روزانہ ہم بہت سے ایسے لوگوں سے ملتے ہیں جن کے ساتھ ہمارا کوئی نہ کوئی تعلق ہوتا ہے اور جہاں دو مختلف انسان ہوں وہاں مختلف رویے بھی مختلف ہوتے ہیں۔ رب کی کیا شان دار تخلیق ہے کہ ہر انسان دوسرے انسان سے مختلف ہے۔ انہی رویوں کی وجہ سے جہاں ہمیں کسی سے محبت ہوتی ہے وہیں کچھ رویے کدورتوں کا باعث بھی بنتے ہیں۔

اس کتاب میں آپ کو اپنے آس پاس موجود لوگوں کو جاننے کا موقع ملے گا۔ نفسیاتی اصولوں پر مبنی یہ کتاب آپ کو لوگوں کے رویوں کے پس پردہ وجوہات سے آشنا کروائے گی اور اس کی مدد سے آپ لوگوں کو آسانی سے سمجھ اور پرکھ پائیں گے۔ مجھے اُمید ہے کہ یہ کتاب مردم شناسی میں آپ کی بہت معاون ثابت ہوگی۔

قاسم علی شاہ

زندگی کا احساس ہمارے اپنوں سے جڑا ہوتا ہے۔ یہ احساس ہمیں تازگی دیتا ہے اور ہمارے جذبات کو زندہ رکھتا ہے۔ ہماری راحت کا باعث بنتا ہے۔ ہمارے آس پاس موجود لوگ بھی ہماری طرح منفرد ہوتے ہیں۔ اگر آپ اُن کی شخصیت کو سمجھ لیں تو آپ کو اُن کے رویوں کی وجوہات سمجھنے میں آسانی ہوگی۔ یہ کتاب آپ کو سکھائے گی کہ کس شخصیت کے مالک افراد کون سے فطری رجحانات رکھتے ہیں اور کس طرح آپ بہترین انداز میں ان کے

ساتھ اپنے تعلقات نبھا سکتے ہیں۔ یہ کتاب آپ کو رشتوں میں پائیداری کا ہنر سکھائے گی جو آپ کو اُن تمام لوگوں سے مضبوطی سے باندھ دے گی جو آپ کے لیے بہت اہم ہیں۔

ڈاکٹر قمر الحسن

(Founding Expert of Personality Type (MBTI) & type-based Innovation)

کسی بھی انسان کا دوسرے انسانوں سے رویہ اُس کی نفسیاتی بنیاد کی عکاسی کرتا ہے۔ ہمارے رویے ہماری نفسیات کا آئینہ ہوتے ہیں۔ جب بھی ہم لوگوں سے روابط قائم کرتے ہیں تو تعلقات میں نشیب و فراز کا آنا لازمی امر ہے۔ اگر ہم نفسیاتی اصولوں کو سمجھنے کی کوشش کریں تو ہم اس پہلو کو بہ خوبی سمجھ لیں گے کہ ہمارے آس پاس موجود لوگوں کے انتخابات کے پس پردہ محرکات کیا ہوتے ہیں۔ کس قسم کے لوگوں سے ہمارے گہرے تعلقات کیوں قائم ہوتے ہیں اور کن معاملات میں انسان کمزوری کا اظہار کیوں کرتا ہے۔ شخصی کمزوریاں کیا ہوتی ہیں اور یہ کیسے رشتوں پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ ایسے بہت سے سوالوں کے جواب ڈھونڈنے میں یہ کتاب یقیناً آپ کی معاون ثابت ہو گی۔ مجھے اُمید ہے کہ یہ کتاب آپ کو ایک بہتر مردم شناس انسان بنانے میں اپنا کردار ادا کرے گی۔

عبد السلام چودھری